Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم شعبان المعظم ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۵ فروری ۱۹۲۶ء	نمبر ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۳ فروری ۱۹۲۶ء

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراے احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض   میر ساند

جناب عالی

ہائی اسکول مین طلبا کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ اکثر درجات کے دو دو سکشن

کر دیے گئے ہین - اب درجۂ سوم مین ایک مزید ٹیچر کی ضرورت ہی - ماسٹر رضا حسین برخاست شدہ کی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار تھی جسمین [illegible] ماہوار پر ایک ٹیچر کا تقرر ہوا ہے [illegible] کی بچت ہی - لہذا ایک مزید ٹیچر [illegible] تنخواہ پر رکھا جا سکتا ہی - اس جگہ پر محمد ابرار احمد انٹرنس پاس انگلش ٹیچر مدرسہ پل پختہ تنخواہ دار [illegible] ماہوار کا تقرر باضافہ سات روپیہ ماہوار مناسب ہی - لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہی - دولت و اقبال جاوید باد -

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشا حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - المرقوم ۴ فروری ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ فروری ۱۹۲۶ء

جملہ مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہون -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض   میرساند

جناب عالی

چونکہ الہ آباد مین منشی کامل کا امتحان جاری ہوگیا ہی لہذا پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات منشی عالم ومنشی فاضل کی تعلیم کا سلسلہ مدرسۂ عالیہ سے قابل مسدودی ہی - اور منشی کامل الہ آباد کی تعلیم لایق اجرا ہی - اسکی نسبت نیز تنخواہ کا ایک مفصل نوٹ منسلک عرضداشت ہذا ہی - امیدوار ہون کہ نوٹ منسلکہ اور حسب ذیل امور کی منظوری صادر فرمائی جائے -

(۱) سید محمد حسن مدرس ششم درجۂ فارسی تنخواہ دار [illegible] ماہوار جسکی نسبت مختلف ذرائع سے معلوم ہوا ہی کہ اکثر غیر حاضر رہتا ہی اور کام مین سستی کرتا ہی تخفیف فرمایا جائے -

(۲) نیاز محمد خان مدرس کہاتہ تحصیل ملک تنخواہ دار [illegible] ماہوار جو اردو مڈل اور ریاضی مین قابل ہی مدرسہ عالیہ مین مدرس دوم ریاضی کے عہدہ پر تبدیل فرمایا جائے -

(۳) عبد الحکیم خان موجودہ مدرس پنجم فارسی تنخواہ دار [illegible] ماہوار جو فارسی مین بہت قابل ہین معاون مدرس منشی مقرر فرمائے جائین اور انکی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ فرمایا جائے -

(۴) سید فرزند علی جو بالفعل معاون مدرس فارسی ہین اور ضعیف ہین بجائے عبد الحکیم خان اپنی موجودہ تنخواہ پر تبدیل فرمائے جائین -

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون - گزٹ مین عرضداشت و نوٹ و حکم اجلاس ہمایون بجنسہ طبع کرائے جائین -

المرقوم ۱۰ فروری ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نوٹ

(۱) مدرسۂ عالیہ مین پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات فارسی وعربی کی تعلیم کا سلسلہ ایک عرصے سے جاری تھا بجز انکے عربی کے ہر سہ امتحانات اور فارسی کے امتحان منشی کا سلسلہ بوجوہ چند جو سنہ گذشتہ مین بحکم اجلاس ہمایون مسدود کر دیا گیا - اور بجائے انکے الہ آباد کے امتحانات عربی ومنشی فارسی کا سلسلہ مدرسۂ عالیہ مین جاری ہو چکا ہی - صرف منشی عالم ومنشی فاضل پنجاب کی تعلیم اس وجہ سے عارضی طور پر اب تک جاری ہی کہ الہ آباد مین ان امتحانات کے مقابل فارسی کا کوئی امتحان جاری نہین ہوا تھا - اب چونکہ الہ آباد مین منشی کامل کا امتحان جاری ہوگیا ہی - لہذا منشی عالم ومنشی فاضل پنجاب کی تعلیم مدرسۂ عالیہ سے موقوف کر کے منشی کامل کی تعلیم جاری ہونا مناسب ہی - البتہ سال حال مین جو طلبا منشی عالم ومنشی فاضل کی تعلیم مدرسہ عالیہ مین پا رہے ہین وہ حسب عملدرآمد سابق امتحان پنجاب مین بھیجے جائین گے -

(۲) بالفعل مدرسۂ عالیہ کی شاخ فارسی مین حسب ذیل مدرس ہین -

(الف) پروفیسر فارسی	درجہ منشی فاضل کو پڑھاتے ہین
(ب) مدرس دوم فارسی	" منشی عالم " "
(ج) مدرس درجہ منشی	" منشی " "

(د) معاون مدرس منشی — درجہ منشی کو پڑھاتے ہیں۔
(ہ) مدرس چہارم — " چہارم " "
(و) مدرس پنجم — " پنجم " "
(ز) مدرس ششم — " ششم " "

(۳) چونکہ پنجاب یونیورسٹی میں نصاب تعلیم فارسی میں حساب و جغرافیہ نہیں ہے۔ لہذا یہ کل مدرسین فارسی کی تعلیم دیتے ہیں۔ الہ آباد میں امتحان منشی کے نصاب تعلیم میں حساب و جغرافیہ بھی ہے۔ لہذا ضرورت اسکی ہے کہ ابتدائی درجات میں بھی حساب و جغرافیہ کی تعلیم لازم کیجائے۔ تاکہ جو طلبا ماتحت درجے منشی کے درجہ میں ترقی کر کے آئیں انہیں اس درجہ میں داخلہ کی لیاقت ہو۔

(۴) مدرسہ عالیہ میں بالفعل ایک مدرس ریاضی ہے اُسکے متعلق درجات عربی شاخ نظامی کی تعلیم ریاضی پہلے سے ہے۔ اور درجہ منشی کی تعلیم حساب بھی اُس ہی کے سپرد کی گئی ہے۔ لیکن اس چند ماہ کے تجربے سے معلوم ہوا کہ وہ تنہا مزید بار برداشت نہیں کر سکتا۔ لہذا ایک مزید مدرس ریاضی کے اضافہ کی ضرورت ہے۔ لیکن مدرسہ عالیہ کے بجٹ میں مزید مدرس کی تنخواہ کی گنجایش نہیں ہے۔ لہذا اسکی نسبت جو تجویز کی گئی ہے وہ نمبر آیندہ میں درج ہے۔

(۵) ابتدائی تعلیم فارسی تین درجات میں منقسم ہے اور کورس اسقدر مختصر ہے کہ دو مدرس بخوبی پڑھا سکتے ہیں۔ لہذا ابتدائی درجات میں سے ایک درجہ اور ایک مدرس قابل تخفیف ہے۔ اس تخفیف شدہ مدرس فارسی کی جگہ جدید مدرس ریاضی رکھ لیا جائیگا جو ریاضی و جغرافیہ پڑھائیگا۔ کل مدرسین کی تعداد وہی رہیگی جو نمبر (۲) میں مندرج ہے اور اسکی تفصیل نمبر آیندہ میں ہے۔

(۶) چونکہ منشی و منشی کامل کے کورس کی خواندگی دو دو سال میں مقرر کی گئی ہے۔ لہذا اب مدرسین شاخ فارسی مدرسہ عالیہ کی خدمات حسب ذیل ہونگی۔

درجہ منشی کامل	سکشن (ب) کو	پروفیسر فارسی پڑھائیگا	(الف)
	سکشن (الف) کو	مدرس دوم "	(ب)
درجہ منشی	سکشن (ب) کو	مدرس منشی "	(ج)
	سکشن (الف) کو	معاون مدرس منشی "	(د)
درجہ ابتدائی	سکشن (ب) کو	مدرس پنجم پڑھائیگا	(ہ)
	سکشن (الف) کو	" ششم "	(و)
برائے تعلیم حساب و جغرافیہ		مدرس ریاضی	(ز)

اس صورت میں کل کورس فارسی و ریاضی و جغرافیہ کا ایسا انتظام ہو جائیگا کہ جدید مدرس کی تنخواہ کا بار بجٹ مدرسہ عالیہ پر نہ ہوگا۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور ادام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۹؍ فروری ۱۹۲۶ء

بملاحظہ رپورٹ ثانی صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر یکم جنوری ۱۹۲۶ء سے تنخواہ موجودہ پچاس روپیہ ماہوار منشی نسیم الزمان اڈیٹر سررشتہ اوٹ میں دس روپیہ اضافہ منظور کیا گیا۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۸؍ فروری ۱۹۲۶ء

رپورٹ منصرم صاحب مطبع ملاحظہ ہوئی۔ پنجسالہ اوسط آمدنی اور پنجسالہ صرف کے مقابلہ سے ظاہر ہے کہ مطبع آمدنی سے [illegible] کا صرف ان پانچ سال میں زائد ہوا۔ اگرچہ اس عرصہ میں [illegible] کی رقم خریداری مشینوں میں صرف ہوئی لیکن اس رقم کو صرف مطبع سے خارج کر کے نفع و نقصان کا حساب بنانا صحیح نہیں ہے۔ بڑی وجہ نقصان کی یہ ہے کہ کام مقررہ تعداد سے کم ہوتا ہے کیونکہ اوسط چھپائی روزانہ کی کل تعداد [illegible] داب ہوتی ہے۔ حالانکہ ہر پریس پر روزانہ ۱۲۰۰ داب نکالنا چاہئے۔ اس حساب سے سات پریس پر روزانہ [illegible] داب نکلنا ضروری ہے۔ لہذا [illegible] داب روزانہ کم نکالی گئیں مطبع میں جس چیز پر وہ ہے نقصان کی کوئی وجہ نہیں ہے بلکہ کافی نفع ہونا چاہئے۔ ملازمان کی لاپروائی سے کام کم ہوتا ہے اسوجہ سے نقصان ہوتا ہے۔ منصرم صاحب مطبع پر اسکی بڑی ذمہ داری ہے۔ انکا فرض ہے کہ کام کرنے والوں سے پورا کام لیں اور اُنکے روزانہ کام کی کافی جانچ کرتے رہیں۔ آیندہ مطبع کے کام پر

بلا کسی پاسداری کے بہت لحاظ رکھا جائیگا بصورت نقصان رفع ہو جائے ہر ماہ نقشہ کارگزاری مطبع سے آنا لازم ہے۔ کل کاغذات تنبیہاً منصرم صاحب مطبع کے پاس مرسل ہون۔ اور اس حکم کی ایک نقل گزٹ مین شائع کیجائے۔

دستخط جناب جوڈیشل سکریٹری صاحب

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کیگئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۸؍ ہے

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ فروری سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم					۱۰/۴	۱۲/	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص					۱۰/۷	۱۰/۶	
نخود کسہ آمیز					۰	۱۰/۴	
کسہ					۰	۸	
ماش					۱۰/۵	۸	
مونگ					۰	۵	
مکا					۱۴	۷	
جئی					۰	۹	
گوجئی					۰	۸	
عدس					۰	۸	
ارہر					۰	۹	
روغن زرد					۱۰	[illegible]	
روغن سیاہ					۱/۲	۱۰/۱	
روغن کنجد					۱	۱	
نمک سانبھر					۱۱	۱۲	
نمک لاہوری					۰	۸	
برنج					۰	۵	
قند سیاہ					۵	۵	
باجرہ					۰	۶	

مطبوعہ ۱۳ - فروری ۱۹۲۶ء نمبر ۲

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نتیجہ امتحان سالانہ مدارس مفصلات وشہر بابت سنہ ۲۵-۱۹۲۴ء برائے انطباع گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور نتیجہ کی ایک سو پندرہ کاپیاں طبع کرا کر انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس بھیجدی جائیں - المرقوم ۲۷ ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس

جناب عالی

نتیجہ امتحان سالانہ بابت سنہ ۲۵-۱۹۲۴ء بغرض ملاحظہ پیش ہے۔ ایک سو پندرہ اجلاد نتیجہ ہذا بعد انطباع دفتر انسپکٹری کو بغرض تقسیم جملہ مدارس مرحمت فرمائی جائیں - چونکہ اس عرصہ میں زائد تر کیفیات لکھنے کے لئے نتیجہ ہذا کی ضرورت رہی اس وجہ سے ترسیل میں کسیقدر تاخیر ہوگئی۔

والادب - ۲۶ ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء

دستخط صادق حسین انسپکٹر مدارس

نقشہ تفصیلی نتیجہ امتحان سالانہ سنہ ۱۹۲۴و۲۵ء مع موازنہ سنہ ۱۹۲۳و۲۴ء باظہار حالات مدارس تحصیل وار

نمبر شمار	نام مدارس	تعداد مدارس	شرکت جماعت ہائے اعلیٰ																						موازنہ						دویم			کیفیت
			جماعت ششم			پنجم			چہارم ب			چہارم الف			سوم ب			سوم الف			تعداد کل شرکاء			سنہ ۱۹۲۵ء			سنہ ۱۹۲۴ء						
			شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب	شریک	کامیاب	ناکامیاب				
۱	شہر	۱	۵	۵	۰	۴	۳	۱	۷	۶	۱	۰	۰	۰	۱۰	۹	۱	۰	۰	۰	۲۶	۲۳	۳	۲۶	۲۳	۳	۲۸	۲۰	۸	۲۱	۱۷	۴	
۲	مدارس دینیات شہر	۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	۰	۲	۲	۰	۵	۱	۴	۱۷	۱۲	۵	۲۵	۱۶	۹	۲۵	۱۶	۹	۳۴	۲۰	۱۴	۳۰	۲۶	۴	
۳	مدارس حلقہ بندی صدر تحصیل	۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	×	۶	۵	۱	۱۲	۷	۵	۱۹	۱۳	۶	۱۹	۱۳	۶	۱۵	۹	۶	۱۱	۶	۵	
۴	مدرسہ تحصیل ملک	۱	۲	۱	۱	۳	۰	۳	۲	۲	۰	۳	۳	×	۳	۳	×	۳	۲	۱	۱۶	۱۱	۵	۱۶	۱۱	۵	۱۴	۱۳	۱	۳	۱	۲	
۵	مدارس حلقہ بندی تحصیل ملک	۱۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۲	۱	۴	۱	۳	۷	۷	×	۱۲	۷	۵	۲۶	۱۷	۹	۲۶	۱۷	۹	۳۶	۲۰	۱۶	۲۲	۱۱	۱۱	
۶	مدرسہ تحصیل شاہ آباد	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۱	۲	۱	۱	۲	۱	۱	۶	۴	۲	۱۲	۷	۵	۱۲	۷	۵	۱۰	۶	۴	۷	۵	۲	
۷	مدارس حلقہ بندی تحصیل شاہ آباد	۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱۱	۸	۳	۶	۴	۲	۵	۵	×	۲۲	۱۷	۵	۲۲	۱۷	۵	۲۸	۲۱	۷	۱۷	۸	۹	
۸	مدرسہ تحصیل بلاسپور	۱	۱	۱	×	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۰	۲	۵	۲	۳	۴	۲	۲	۱۲	۵	۷	۱۲	۵	۷	۱۳	۵	۸	۷	۵	۲	
۹	مدارس حلقہ بندی تحصیل بلاسپور	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	×	۱	۱	×	۱	۷	۱	۶	۸	۴	۴	۱۷	۵	۱۲	۱۷	۵	۱۲	۱۹	۳	۱۶	۱۰	۵	۵	
۱۰	مدرسہ تحصیل سوار	۱	۰	۰	۰	۲	×	۲	۰	۰	۰	۱	×	۱	۲	۲	×	۲	۱	۱	۷	۳	۴	۷	۳	۴	۸	۳	۵	۴	۳	۱	
۱۱	مدارس حلقہ بندی تحصیل سوار	۹	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۲	×	۲	۴	×	۴	۱۲	۳	۹	۱۸	۳	۱۵	۱۸	۳	۱۵	۱۵	۱	۱۴	۹	۲	۳	
۱۲	مدرسہ تحصیل ٹانڈہ	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۳	×	۳	۳	×	۳	۳	×	۸	۱	۷	۱	۱	×	
۱۳	مدارس حلقہ بندی تحصیل ٹانڈہ	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۱	×	۲	۲	×	۳	۳	×	۳	۳	×	۰	۰	۰	۱	×	۱	
	میزان	۶۱	۸	۷	۱	۹	۳	۶	۱۶	۱۲	۴	۲۹	۱۶	۱۳	۵۸	۳۶	۲۲	۸۶	۵۲	۳۴	۲۰۶	۱۲۶	۸۰	۲۰۶	۱۲۶	۸۰	۲۲۸	۱۲۲	۱۰۷	۱۴۰	۹۰	۵۰	